NYC HEALTH+ HOSPITALS

تمام لوگوں کے لیے ویکسین

ایسی خواتین کے لیے COVID-19 کی ویکسینز جو حاملہ ہیں یا حال ہی میں حاملہ ہوئی ہیں، بچے کو چھاتی کا دودھ پلا رہی ہیں یا حاملہ ہونے کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

آپ اور آپ کے بچے کی صحت اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایسی خواتین جو حاملہ ہیں یا حال ہی میں حمل سے ہوئی ہیں وہ COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کے بہت بڑے خطرے سے دوچار ہیں۔

COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے اور خود کو، اپنے بچے کو اور اپنے خاندان کو تحفظ فراہم کرنے کا سب سے بہترین طریقہ COVID-19 کی ویکسین لگوانا ہی ہے۔

مجھے COVID-19 کی ویکسین کیوں لگوانی چاہیے؟

حاملہ اور بچے کو چھاتی کا دودھ پلانے والی خواتین میں COVID-19 کے باعث شدید بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھا ہوا ہوتاہے۔ ان کو سانس لینے میں دقت یا چھاتی میں درد کے باعث اسپتال یا انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں داخل ہونے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایک خاتون کی عمر اگر 35 برس یا اس سے زیادہ ہے یا وہ موٹاپے کا شکار ہیں اور ان کو ہائی بلڈ پریشر یا زیابیطس ہے تو پھر حمل کے دوران یا حمل کے فوری بعد ان کے شدید بیمار پڑنے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ ویکسین کروانے سے آپ کے مدافعتی نظام کو آپ کو، آپ کے بچے کو اور آپ کے خاندان کو تحفظ فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

کیا COVID-19 کی ویکسینز محفوظ ہیں؟

جی ہاں۔ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ حمل کے دوران COVID-19 ویکسینز کا استعمال محفوظ ہے اور اس سے حاملہ خواتین یا ان کے پیٹ میں موجود بچے کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ حقیقت یہ ہے کہ حمل کے دوران خواتین کو TDaP (تشنج, خناق اور کالی کھانسی) اور فلو کی ویکسین سمیت دیگر طرح کی ویکسینز بھی لگتی ہیں۔ بیماریوں سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے ویکسینز محفوظ اور مؤثر ہیں۔

کیا ویکسین خاندان کے لیے محفوظ ہیں؟

جی ہاں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ آپ کے بچے کے آس پاس موجود تمام لوگ مکمل طور پر ویکسین شدہ ہوں۔ آپ کے بچے کا مدافعتی نظام نیا ہے اور اس میں COVID-19 کے لیے کمزوری پائی جاتی ہے۔ اپنے پیاروں کو ویکسین کروانے کی یقین دہانی کرلینے سے آپ کے بچے کی صحت کو تحفظ ملتا ہے اور اس سے بیمار پڑنے کا امکان بھی کم ہوتاہے۔

جاری ◄

COVID-19 کی ویکسین کروانے کے بعد کیا میرے بچے کو چھاتی کا دودھ پلانا محفوظ ہے؟

جی ہاں۔ چھاتی کا دودھ پلانے والی ایسی خواتین جنہوں نے ویکسین کروا رکھی ہے ان میں اینٹی باڈیز بنتی ہیں جو COVID-19 سے تحفظ فراہم کرتی ہیں۔

ویکسین کروانے کے بعد بننے والی اینٹی باڈیز آپ کے چھاتی دودھ میں بھی ہوتی ہیں۔ چھاتی کا دودھ پینے والے آپ کے بچے میں بھی یہ اینٹی باڈیز جائیں گی اور اس کو کسی حد تک COVID-19 سے تحفظ فراہم کریں گی۔

COVID-19 ویکسین کروانے کے بعد مجھے کیسا محسوس ہوگا؟

آپ کو متلی، بخار،تھکاوٹ اور پٹھوں میں درد جیسے ضمنی اثرات محسوس ہوسکتے ہیں۔ یہ ضمنی اثرات نارمل ہیں اور چند روز میں ختم ہوجائیں گے۔ بعض ضمنی اثرات میں ادویات بھی معاون ہوسکتی ہیں۔ اپنے فراہم کنندہ سے معلوم کریں کہ آپ کے لیے کون سی دوا بہتر رہے گی۔ ماضی میں اگر ویکسین کے باعث آپ میں الرجی والا ردِ عمل پیدا ہو چکا ہے، تو COVID-19 ویکسین کروانے سے قبل اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔

کیا ان ضمنی اثرات سے مجھے یا میرے بچے کو نقصان پہنچے گا؟

جی نہیں۔ ویکسین کروانے کے بعد ضمنی اثرات کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا جسم COVID-19 کے خلاف تحفظ بنا رہا ہےٍ۔ ویکسین کے باعث پیدا ہونے والے ضمنی اثرات بہت عام، عموماً معمولی نوعیت کے ہوتے ہیں اور ان سے آپ کے بچے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

کیا COVID-19 کے باعث میرا اسقاطِ حمل بھی ہوسکتاہے؟

جی نہیں۔ مطالعات سے معلوم ہوا ہے کہ حمل کے دوران COVID-19 کی ویکسین کروانا محفوظ ہوتا ہے۔ ویکسین کروانے والی خواتین میں ویکسین نہ کروانے والی خواتین کے مقابلہ میں اسقاطِ حمل کا خطرہ زیادہ نہیں ہوتا۔

کیا COVID-19 ویکسین کے باعث بچوں میں پیدائش نقائص پیدا ہوسکتے ہیں؟

جی نہیں۔ COVID-19 ویکسین آپ یا آپ کے بچے کے ڈی این اے کو تبدیل نہیں کرسکتی۔ حمل سے پہلے یا حمل کے دوران COVID-19 کی ویکسین کروانے والی ہزاروں خواتین میں سے کسی کے بارے میں بھی یہ اطلاع نہیں ہے کہ ان کے ہاں پیدائشی نقائص والا بچہ پیدا ہوا ہو۔

کیا COVID-19 کی ویکسین کروانے میری بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر کوئی اثر پڑے گا؟

جی نہیں۔ اس کا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے کہ COVID-19 کی ویکسین بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہو یا اس کے باعث مردوں یا خواتین میں بانجھ پن پیدا ہوتا ہو۔

COVID-19 کی ویکسین کروانے کے بعد میرے اندر جو اینٹی باڈیز پیدا ہوں گی تو کیا ان سے میرے بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر کوئی اثر پڑے گا؟

جی نہیں۔ اینٹی باڈیز COVID-19 پیدا کرنے والے وائرس سے مقابلہ کریں گی۔ ان اینٹی باڈیز سے آپ کے بچہ پیدا کرنے کے اعضاء یا بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر کوئی اثر نہیں پڑتے گا۔

اس صورت میں کیا ہوگا کہ جب میں نے ویکسین نہیں کروا رکھی ہے اور حمل کے دوران یا بچہ پیدا کرتے وقت مجھے COVID-19 ہوجائے؟

ایسی حاملہ خواتین جو COVID-19 کی ویکسین نہیں کرواتیں تو ان میں اسقاطِ حمل، قبل از وقت بچے کی پیدائش،حمل کے دوران پیچیدگیوں اور مردہ بچے کی پیدائش کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس سے اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں دیکھ بھال کی ضرورت، سانس لینے کے لیے وینٹی لیٹر کی ضرورت اور شدید بیماری کے باعث موت واقع ہونے کا خطرہ بہت زیادہ بڑھ جاتاہے۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

Published: 12/6/2021
Urdu